12-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ...................................ریتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- ریلویز نے تتکال ٹکٹ کے لیے نئے ضابطوں کا اعلان کیا ہے۔ پہلی جولائی سے آدھار پر مبنی OTP تصدیق لازمی ہوگی۔

2- مرکزی سرکار نے خام خوردنی تیل پر کسٹمز ڈیوٹی 20 فیصد سے گھٹا کر 10 فیصد کر دی ہے، تاکہ اندرونِ ملک مارکیٹ میں اس کی قیمتوں کو کم کیا جا سکے۔

3- وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ UPI لین دین پر MDR چارج عائد کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔

4- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ اس سال کے آخر تک عملی شکل اختیار کر لے گا۔

5- کناڈا میں رہنے والے بھارت نژاد افراد کو 300 کروڑ روپے مالیت کی Cocaine امریکہ سے کناڈا میں اسمگل کرنے کی پاداش میں گرفتار کیا گیا ہے۔

6- اور نیدرلینڈس کے شہر Amstelveen میں آج شام FIH ہاکی پرو لیگ میں، بھارت کا مقابلہ ارجنٹینا سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Railways Tatkal

ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے صرف وہی لوگ IRCTC کی ویب سائٹ اور ایپ سے آن لائن تتکال ٹکٹ بُک کرا سکیں گے، جنہوں نے آدھار کے ساتھ اپنے اکاؤنٹ کو منسلک کرا لیا ہے۔ منصفانہ اور شفاف طریقے سے تتکال ٹکٹ حاصل کرنے اور مسافروں کے مفاد کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے یہ قدم اٹھایا گیا ہے۔

بھارتی ریلویز نے تتکال ٹکٹ بُکنگ نظام میں اہم تبدیلیوں کا اعلان کیا ہے۔ نئی اسکیم کے مطابق اس سال ایک جولائی سے آن لائن تتکال بُکنگ کے لیے آدھار پر مبنی OTP تصدیق لازمی ہوگی۔

کمپیوٹر نظام والے مسافر ریزرویشن کاؤنٹرز پر اور مجاز ایجنٹوں کے ذریعے بُک کرائے جانے والے تتکال ٹکٹ کے لیے OTP تصدیق کی ضرورت ہوگی، جو بُکنگ کے وقت متعلقہ مسافر کے ذریعے فراہم کیے گئے موبائل نمبر پر بھیجا جائے گا۔

شروع کے اہم اوقات کے دوران ایک ساتھ کئی بُکنگ کی روک تھام کی خاطر بھارتی ریلویز کے مجاز Ticketing ایجنٹس کو بُکنگ شروع ہونے کے پہلے 30 منٹ کے دوران پہلے دن کے تتکال ٹکٹ بُک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

AC Classکے لیے اس بندش کا اطلاق صبح 10 بجے سے ساڑھے 10 بجے تک اور non-AC Classکے لیے دن میں 11 بجے سے ساڑھے 11 بجے تک ہوگا۔×

Cabinet Decision

مرکزی کابینہ نے ریلوے کی وزارت کے دو پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے، جس پر کُل چھ ہزار 405 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ اِن پروجیکٹوں میں Koderma-Barkakana ریلوے لائن کو ڈبل کرنے کا پروجیکٹ شامل ہے، جس پر تین ہزار 63 کروڑ روپے کی لاگت کو منظور کیا گیا ہے، جبکہ Ballari-Chikjajur لائن کو ڈبل کرنے کیلئے تین ہزار 342 کروڑ روپے منظور کیے گئے ہیں۔ کابینہ کی میٹنگ کے بعد نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ Koderma-Barkakana کی 133 کلو میٹر طویل ریلوے لائن کو ڈبل کرنے کے پروجیکٹ سے 938 گاؤں تک اور 15 لاکھ کی آبادی تک کنیکٹیوٹی بڑھے گی۔

S/B - 2100- Vaishnav on Koderma

جناب ویشنو نے بتایا کہ 185 کلومیٹر طویل Ballari-Chikjajur لائن کو ڈبل کرنے کے دوسرے پروجیکٹ سے مینگلور بندرگاہ اور سیکندرآباد کے درمیان رابطہ قائم ہوسکے گا۔×

Special Feature

بھارت میں پچھلی ایک دہائی شاندار تبدیلی دیکھنے کو ملی ہے اور یہ سیوا، سوشاسن اور غریب کلیان کے اصولوں سے ممکن ہوا ہے۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ اہم شعبوں میں پچھلے گیارہ سال میں حکومت کے ذریعہ کی گئی کوششوں پر خصوصی فیچر پیش کررہا ہے۔

آج کا ہمارا موضوع ہے ”ناری شکتی-خواتین معاشی ترقی کی محرک“۔

VC- Vishnu PS

پچھلے 10 سال میں ملک میں ایک بڑا معاشی انقلاب آیا ہے اور اس میں ایک انقلاب کی کمان خواتین نے سنبھالی ہے۔ گاؤں میں اپنی مدد آپ کرنے والے گروپوں سے لے کر شہروں میں اپنا

کاروبار کرنے والوں تک خواتین اب صرف معیشت میں حصہ دار نہیں بلکہ تبدیلی میں پُر زور انداز سے پیش پیش ہیں۔

پردھان منتری مُدرا یوجنا کے تحت، جو 52کروڑ 50 لاکھ قرضے تقسیم کیے گئے ہیں، اُن میں سے تقریباً 68 فیصد قرضے خواتین کو دیے گئے اور اس طرح اُنہیں اپنا چھوٹا کاروبار شروع کرنے اور مالی آزادی حاصل کرنے میں مدد ملی۔

اسٹینڈ اَپ انڈیا اسکیم کے تحت 2 لاکھ 70 ہزار قرضے منظور کیے گئے اور تقریباً 83 فیصد خواتین کو مل رہے ہیں۔

اِدھر سب سے نچلی سطح پر دین دیال انتیودے یوجنا-قومی دیہی روزی روٹی مشن کے تحت 10 کروڑ سے زیادہ خواتین کو تقریباً 91 لاکھ SHG گروپوں میں شامل کیا گیا ہے۔

لکھ پتی دی-دی پہل کے ذریعے ایک کروڑ 48 لاکھ SHG خواتین سالانہ ایک لاکھ روپے یا اس سے زیادہ کی آمدنی حاصل کر سکی ہیں۔

سرکار نے مشن شکتی کے ذریعے ادارہ جاتی مدد کا بندوبست بھی کیا ہے، جس میں بااختیار بنانے کے ساتھ سلامتی کو مربوط کیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ناری شکتی پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط اور پختہ عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔

دلّی سے وشنو پی-ایس کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........شمیم عرفان

Centre Edible Oil

مرکز نے، خام خوردنی تیل پر بنیادی کسٹمز ڈیوٹی 20 فیصد سے گھٹا کر 10 فیصد کر دی ہے۔ اس میں خام سورج مکھی، سویا بین اور Palm Oil شامل ہیں۔

صارفین کے امور، خوراک اور تقسیم عامہ محکمے کی وزارت نے کہا ہے کہ اس اقدام کا مقصد اندرونِ ملک مارکیٹ میں اس کی قیمتوں کو کم کرنا ہے، اس سے صارفین کو راحت ملے گی اور مجموعی افراطِ زر کو بڑھنے سے روکا جا سکے گا۔ خوردنی تیل سے وابستہ انجمنوں اور متعلقہ صنعتوں کو ایک ایڈوائزری جاری کی گئی ہے، جس میں اُن سے کہا گیا ہے کہ وہ ڈیوٹی کم کرنے کے پورے فائدے صارفین تک پہنچنے کو یقینی بنائیں۔×

Finance Ministry UPI

وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ یہ قیاس آرائی اور دعوے پوری طرح غلط، بے بنیاد اور گمراہ کُن ہیں کہ UPI لین دین پر مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ MDR عائد کیا جائے گا۔ وزارت نے کہا ہے کہ اس طرح کی بے بنیاد اور سنسنی پیدا کرنے والی قیاس آرائیوں سے لوگوں میں بلا وجہ غیر یقینی، خوف اور شک و شبہے کا ماحول پیدا ہوتا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ سرکار UPI کے ذریعے ڈیجیٹل ادائیگیوں کو بڑھاوا دینے کے تئیں پوری طرح پابندِ عہد ہے۔

سرکار کی یہ تردید کئی آن لائن رپورٹوں کے تناظر میں جاری کی گئی ہے، جن میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ سرکار بڑے UPI لین دین پر MDR نافذ کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ MDR ایک طرح کی فیس ہے، جو بینک ادائیگیوں کو Process کرنے کے لیے تاجروں سے چارج کرتے ہیں۔

سرکار نے ملک میں ڈیجیٹل ادائیگی کو فروغ دینے کے لیے 2020 میں MDR فیس کا سلسلہ ختم کر دیا تھا۔×

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

Gujrat Viksit Krishi Sankalp Abhiyan

آج ملک گیر وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کا اختتام ہونے کے موقع پر گجرات کے تاریخی مقام Bardoliمیں کسانوں کی کانفرنس ہونے والی ہے۔ زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان اور گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل اس میں شرکت کریں گے۔

زراعت کو خود کفیل بنانے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کے ساتھ 29 مئی کو یہ مہم شروع ہوئی تھی۔ خطّے میں زرعی ترقی کو بڑھاوا دینے کی خاطر آج کئی نئے اقدامات کا آغاز کیا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Aparna Khunt

وزیراعلیٰ بھوپیندرپٹیل اور مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج کئی سنٹرز آف ایکسی لینس کا ورچول طریقے سے افتتاح کریں گے۔ ان میں پوربندر میں باغبانی کی فصلوں اور Petlad میں کیلوں اور سبزیوں کیلئے مراکز اور کچھ میں ایک بنیادی پروسیسنگ مرکز شامل ہے۔ وہ ریاست میں 25ہزار میٹرک ٹن کی گنجائش والے فصلوں کے 14 اسٹوریج گوداموں کو بھی ورچول طریقے سے وقف کریں گے۔ پروگرام کے دوران بارڈولی میں گنے کیلئے سنٹرآف ایکسی لینس قائم کرنے کی غرض سے سنگ بنیاد رکھاجائے گا۔

وکست کرشی سنکلپ ابھیان گجرات کے 31ضلعوں میں دوہزار 250 گاؤں کلسٹرز کا احاطہ کرتا ہے اور جدید زرعی ٹکنالوجی اور Micronutrients کے مناسب استعمال کو سمجھنے میں کسانوں کی مدد کی ہے۔

یہ پہل زرعی ترقی کو فروغ دے کر ”ایک بھارت شریشٹھ بھارت“ کیے قومی ہدف کے حصول میں معاون ہے۔

احمدآباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں فہیم احمد

Birla Uttrakhand

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا آج مسوری میں، لال بہاردر شاستری نیشنل اکیڈمی آف ایڈمنسٹریشن کے 127 ویں تربیتی پروگرام کی اختتامی تقریب میں زیر تربیت افسروں سے خطاب کریں گے۔ یہ تربیتی پروگرام خاص طور پر اُن افسروں کے لیے تیار کیا گیا ہے، جو ریاستی انتظامی سروس سے پروموٹ ہو کر انڈین Administrative سروس میں شامل ہو رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Shakshi

پروگرام میں 19 ریاستوں کی سروسز سے ترقی پانے والے کُل 97 افسران شرکت کررہے ہیں۔ ان میں 73 مرد افسران اور 24 خاتون افسران شامل ہیں۔ اس پروگرام کو 'وکست بھارت 2047' کے قومی ویژن اور 'مشن کرم یوگی' کے یکسر تبدیلی والے اہداف سے تحریک ملی ہے۔ یہ ریاستی سطح کے انتظامی رول ادا کرنے والے افسران کی قومی قیادت کی ذمہ داریاں اٹھانے کیلئے ہموار منتقلی میں سہولت فراہم کرنے کیلئے ایک ڈھانچہ جاتی پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ اس کا مقصد پالیسی سازی، بین علاقائی کوآرڈی نیشن اور ادارہ جاتی قیادت کیلئے بااخلاق،اہل اور مستقبل کیلئے انتظامی افسران تیار کرنا ہے۔ یہ پروگرام سات موضوعاتی ستونوں پر مبنی ہے، جن میں بہتر حکمرانی، شخصیت سازی، اشتراک پر مبنی تعلیم، ٹیکنالوجی، قیادت سے متعلق بصیرت انگیزی، کاروبار اور علاقائی سمجھ شامل ہیں۔

دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں شمیم عرفان

Jaishankar

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ اس سال کے آخر تک عملی شکل اختیار کر لے گا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت یوروپی یونین کے ساتھ اپنے تعلقات کو اوّلین ترجیح دیتا ہے، جس میں آزاد تجارت سے متعلق سمجھوتے کے مذاکرات کو مرکزی حیثیت حاصل ہے اور اس میں اچھی پیشرفت ہو رہی ہے۔

برسلز میں جرمن مارشل فنڈ فورم میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ اس ہفتے یوروپی یونین کے عہدیداروں کے ساتھ اُن کی جو تفصیلی بات چیت ہوئی ہے، اُسے دیکھتے ہوئے بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ مکمل ہونے کے لیے ختمِ سال کی جو مدّت طے کی گئی ہے، وہ قابلِ عمل نظر آتی ہے۔

S/B - Jaishankar

Canada Arrest

کناڈا میں، پولیس نے منشیات کی اب تک سب سے بڑی کھیپ ضبط کرنے کے معاملے میں 9 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ اِن میں کناڈا میں رہنے والے 7 بھارت نژاد افراد بھی شامل ہیں۔ پولیس نے تقریباً 300 کروڑ روپے مالیت کی 479 کلو گرام Cocaine اور 2 غیر قانونی نیم خودکار Handgunsضبط کی ہیں۔

اسمگلروں کو 35 الزامات کے تحت Ontario سے گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ افراد منشیات کو Greater Torontoعلاقے میں اسمگل کرنے کے منظم جرائم کے نیٹ ورک کا حصہ تھے۔×

Hockeyِ

FIHہاکی پرولیگ میں بھارتی مردوں کی ٹیم آج شام نیدرلینڈس میں Amstelveen کے Wagenesہاکی اسٹیڈیم میں ارجنٹینا سے کھیلے گی۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے 6 بجے شروع ہوگا۔ بھارت اس وقت چوتھے مقام پر ہے اور اس کے پاس 11گیمز سے 15 پوائنٹس ہیں۔

اس سے پہلے کل دونوں ٹیموں کے درمیان سخت مقابلہ ہواتھا جس میں بھارت شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے باوجود تین چار سے ہار گیاتھا۔

Cricket

ICCعالمی ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں جنوبی افریقہ نے لندن کے لارڈس میدان میں پہلے دن آسٹریلیا کے خلاف چار وکٹ کے نقصان پر 43 بنائے ہیں۔ جنوبی افریقہ کے کپتان Temba Bavumaاور David Bedingham دوسرے دن اننگز کا آغاز کریں گے۔

پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے دفاعی چیمپئن آسٹریلیا کی ٹیم 212 رن پر آؤٹ ہو گئی تھی۔

آکاشوانی WTC فائنل میچ کا رواں تبصرہ ہندی اور انگریزی میں باری باری نشر کرے گا۔ اسے اندر پرستھ اور دیگر چینلوں پر سہ پہر دو بجکر 55 منٹ سے رات 10 بجے یا کھیل ختم ہونے تک سنا جا سکتا ہے۔×

J&K Heatvawe

بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے تین دن کے دوران کرناٹک، کونکن، گوا، کیرالہ، ماہے، مہاراشٹر، تمل ناڈو، پدّوچیری اور کرائکل میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

انڈمان نکوبار جزائر، بہار، آندھراپردیش، مدھیہ پردیش، تلنگانہ اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِدھر دلّی، چنڈی گڑھ، ہریانہ، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، مدھیہ پردیش، پنجاب، راجستھان اور اترپردیش میں شدید گرمی کے حالات رہنے کا امکان ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے جموں و کشمیر میں اگلے تین دن کے دوران شدید گرمی کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق 14 جون سے 17 جون کے درمیان کہیں کہیں تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔

Los Angeles Protest

لاس انجلس میں گزشتہ ہفتے احتجاج شروع ہونے کے بعد سے 380 سے زیادہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس محکمے نے یہ جانکاری دی ہے۔ لاس انجلس کاؤنٹی ڈسٹرکٹ اٹارنی نے کہا ہے کہ مزید گرفتاریاں ہونے کا امکان ہے، کیونکہ اُن افراد کی نشاندہی کرنے اور کارروائی کرنے کے لیے سوشل میڈیا پر دستیاب ویڈیوز کا جائزہ لے کر تحقیقات جاری ہے، جو بظاہر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث رہے ہیں۔

اِدھر لاس انجلس کے Mayor اور کیلیفورنیا میں 30 سے زیادہ چھوٹے شہروں کے رہنماؤں نے وفاقی امیگریشن چھاپوں کو روکے جانے پر زور دیا ہے، جس کی وجہ سے خطّے میں مظاہرے ہوئے اور نیشنل گارڈ کے سپاہیوں کو تعینات کرنا پڑا۔×

## UGC

یونیورسٹی گرانٹس کمیشن UGC نے اُن اداروں کو، جو طلبا کی جانب سے Ragging کی روک تھام سے متعلق لازمی حلف نامے پیش کرنے میں ناکام رہے ہیں، اُنہیں یہ ہدایت دی ہے کہ وہ Raggingکی روک تھام کے تعلق سے عمل درآمد کے سلسلے میں رپورٹ پیش کریں اور 30 دن کے اندر اندر سبھی طلبا سے آن لائن حلف نامہ طلب کریں۔

UGCنے اِن اداروں سے کہا ہے کہ وہ Campus کے اندر Ragging کی روک تھام کے لیے اختیار کیے جانے والے اقدامات کے بارے میں جامع رپورٹ فراہم کریں۔ UGC نے خبردار کیا ہے کہ مقررہ وقت کے اندر ایسا کرنے میں ناکام رہنے کی صورت میں انضباطی کارروائی کی جا سکتی ہے، جس میں تسلیم شدہ حیثیت ختم کرنا اور UGC گرانٹس اور فنڈنگ روکنا شامل ہے۔×

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ - ریتیکا

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔

روزنامہ پرتاپ اور روزنامہ ملاپ نے بنیادی ڈھانچے کے انقلاب کے 11سال مکمل ہونے کی مناسبت سے وزیراعظم نریندرمودی کے بیان کو اہمیت کے ساتھ صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔
روزنامہ پرتاپ کی اس حوال سے سرخی ہے: بھارت نے بنیادی ڈھانچے میں انقلابی ترقی کی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب نے امریکہ میں امیگریشن کے خلاف جاری مظاہروں کا دائرہ وسیع ہونے سے متعلق خبر کو اپنے پہلے صفحہ پر بڑی خبر کے طور پر شائع کیاہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: لاس اینجلس میں حالات بے قابو، سیکڑوں گرفتار اور روزنامہ راشٹریہ سہارا نے سرخی لگائی ہے: امریکہ کی 12 ریاستوں کے 25شہروں میں پرتشدد احتجاج، 4 ہزار نیشنل گارڈس کے علاوہ سات سو Marines کمانڈوز تعینات۔

اسی اخبار نے بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس بی آر گوئی کے اس بیان کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے کہ ہندوستان کا آئین ایک پرسکون انقلاب۔

اخبار میں شائع شدہ اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

* ایران کے بوشہر صوربے میں بندرگاہ پر آتشزدگی، 3 افراد ہلاک۔
* کولمبیا میں دہشت گردانہ حملوں میں 8 افراد کی موت۔
* ایلن مسک نے ٹرمپ کے خلاف پوسٹوں پر افسوس کا اظہارکیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- ریلویز نے تتکال ٹکٹ کے لیے نئے ضابطوں کا اعلان کیا ہے۔ پہلی جولائی سے آدھار پر مبنی OTP تصدیق لازمی ہوگی۔

2- مرکزی سرکار نے خام خوردنی تیل پر کسٹمز ڈیوٹی 20 فیصد سے گھٹا کر 10 فیصد کر دی ہے، تاکہ اندرونِ ملک مارکیٹ میں اس کی قیمتوں کو کم کیا جا سکے۔

3- وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ UPI لین دین پر MDR چارج عائد کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔

4- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارت کا سمجھوتہ اس سال کے آخر تک عملی شکل اختیار کر لے گا۔

5- کناڈا میں رہنے والے بھارت نژاد افراد کو 300 کروڑ روپے مالیت کی Cocaine امریکہ سے کناڈا میں اسمگل کرنے کی پاداش میں گرفتار کیا گیا ہے۔

6- اور نیدرلینڈس کے شہر Amstelveen میں آج شام FIH ہاکی پرو لیگ میں، بھارت کا مقابلہ ارجنٹینا سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------